فوری ریلیز کے لیے: 28/12/2022 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کی جانب سے عالمی وبا سے متعلق دھوکہ دہی کے خلاف سخت کارروائی کے لیے قانون سازی کے پیکیج پر دستخط***

***قانون سازی (A.1431/S.1120) کے تحت دھوکہ دہی کی اطلاع دینے والے افراد کو دی جانے والی رقوم میں اضافہ***

***قانون سازی (S.4954-C/A.9193-B) میں اعلان کردہ ہنگامی صورتِ حال کے دوران دھوکہ دہی کے واقعات کے حوالے سے سزاؤں میں اضافہ***

گورنر Kathy Hochul نے آج دورانِ وبا دھوکہ دہی کے واقعات کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے لیے قانون سازی کے ایک پیکیج پر دستخط کیے ہیں۔ COVID-19 کی عالمی وبا جیسی ریاستی ہنگامی صورتِ حالوں کے دوران وقوع پذیر ہونے والے دھوکہ دہی کے واقعات کی اطلاع کاری کے لیے انعامات کی رقوم میں اضافے سمیت دھوکہ دہی کے واقعات کے لیے سزاؤں میں اضافے کے ذریعے، یہ نئے قوانین نہ صرف افراد کو اس جرم سے باز رکھیں گے بلکہ اس سے دھوکہ دہی کے واقعات کی اطلاع دینے کی بھی حوصلہ افزائی ہو گی۔

"ہم ایک واضح پیغام دے رہے ہیں: ریاست نیو یارک میں دھوکہ دہی کو، خصوصاً اس وقت کسی صورت برداشت نہیں کیا جاتا، جب ہم انتہائی نازک حالات سے گزر رہے ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مذکورہ نئے قوانین میں ریاست نیو یارک کے باشندگان کی حفاظت کی جائے گی اور انہیں دھوکہ دہی کی اطلاع دینے اور بددیانت افراد اور ان کی جانب سے ہنگامی حالات سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی ان کی فریب کارانہ کوششوں کے خلاف سخت کارروائی کے دوران بحالی کی کوششوں میں مدد کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔"

قانون سازی (A.1431/S.1120) کے تحت ہنگامی صورتِ حال کے حوالے سے دھوکہ دہی کے اطلاع دہندگان کو دی جانے والی رقوم میں اضافہ کیا گیا ہے۔ COVID-19 کی عالمی وبا کے تمام عرصے کے دوران، نیو یارک کے باشندگان نے بتایا ہے کہ انہوں نے ریاست میں ہونے والے ممکنہ دھوکہ دہی پر مبنی عملوں کا مشاہدہ کیا ہے۔ موجودہ طور پر، غیر متعلقہ شہری دھوکے سے حاصل کردہ رقوم کی بازیافتگی میں مدد دینے کی خاطر حکومت کی جانب سے دیوانی مقدمات دائر کر سکتے ہیں اور بازیافت کردہ رقم کا ایک مخصوص فیصد حصہ انہیں بھی بطور انعام دیا جا سکتا ہے۔ اس نئے قانون کے تحت، دھوکہ دہی کے اطلاع دہندگان ہنگامی صورتِ حال کے دوران دھوکہ دہی کے ارتکاب کی صورت میں اضافی رقم کے حصول کے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

**رکن اسمبلی Jeffrey Dinowitz نے کہا،** "11 ستمبر کو واقع ہونے والے تندوتیز طوفان سینڈی جیسی دیگر ہنگامی صورتِ حالوں میں، فوری کارروائیوں کی ضرورت کے سبب دھوکے بازوں کے لیے مواقع تخلیق ہوتے ہیں۔ اطلاع دہندگان کی جانب سے نفع و نقصان شریک مقدمہ دائر کر کے، شہریوں کو بازیافت کرائی گئی رقم کا ایک مخصوص فیصد حصہ بطور انعام دیا جا سکتا ہے۔ حکومتی فنڈز، خاص طور پر عالمی وبا کے باعث محدود ہیں۔ یہ قانون اطلاع دہندگان کو ایسی معلومات منظرِ عام پر لانے کی ترغیب دیتا ہے، جن سے ریاست کو فنڈز کی بازیافتگی اور مجرمانہ کارروائیاں روکنے میں معاونت ملتی ہو۔ میں گورنر Hochul کی جانب سے اس قانون سازی پر دستخط کر کے اسے

قانون کا حصہ بنانے پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ریاستی سینیٹر Kaminsky کی جانب سے اسے ریاستی سینیٹ سے منظور کروانے پر ان کی انتھک کوشش کو سراہتا ہوں۔"

قانون سازی (S.4954-C/A.9193) میں اعلان کردہ ہنگامی صورتِ حال کے دوران دھوکہ دہی کے واقعات کے حوالے سے سزاؤں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس قانون سازی کے تحت کسی بھی شراکت داری، کارپوریشن، کمپنی، ٹرسٹ یا ایسوسی ایشن، یا پھر کسی بھی ایسے فرد پر مالی ہرجانہ عائد کیا جائے گا جو اس قسم کی دھوکہ دہی کی کارروائی میں ملوث ہو۔ مذکورہ نیا قانون اٹارنی جنرل کو ان اداروں کے خلاف دیوانی سزاؤں کی کارروائی کرنے کا اختیار تفویض کرتا ہے۔

**اٹارنی جنرل Letitia James کا کہنا تھا کہ،** "جب عالمی وبا اپنے زوروں پر تھی، تو اس وقت مشکل کی اس گھڑی کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہوئے نیو یارک کے باشندگان کو فریب کاروں نے خوب لُوٹا۔ دھوکہ دہی کی ان کارروائیوں کی روک تھام، ضروری اشیاء کی قیمتوں میں ناجائز اضافے، اور گمراہ کردہ صارفین کے لیے لاکھوں ڈالرز کی رقم کی بازیافتگی کی خاطر میری انتظامیہ نے نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ یہ نیا قانون نیو یارک کے باشندوں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنے والوں کا تعاقب کرنے کے سلسلے میں ہماری صلاحیت کو مستحکم بنائے گا۔ میں ریاست نیو یارک کے باشندوں کے تحفظ کی خاطر گورنر Hochul، سینیٹر Myrie اور رکن اسمبلی Rozic کی جانب سے اس اہم اقدام پر ان کی معترف ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Zellnor Myrie نے کہا،** "یہ نیا قانون ممکنہ فریب کاران اور دھوکے بازوں کے لیے واضح بیان ہے: اگر آپ نے مشکل کی اس گھڑی میں نیو یارک کے صارفین کے حالات سے ناجائز فائدہ اٹھایا، تو یہ عمل آپ کو مزید مہنگا پڑ سکتا ہے۔ نیو یارک کے باشندگان عالمی وبا سے متعلق دھوکہ دہی کے واقعات میں پہلے ہی $80 ملین کا نقصان کر چکے ہیں اور مالی خرد بُرد سے متعلقہ ان جرائم کے لیے سزاؤں میں اضافہ فی الوقت اور مستقبل میں ایسے حالات میں ان کی روک تھام میں مددگار ثابت ہو گا۔ میں اپنی ساتھی رکن اسمبلی Nily Rozic اور گورنر کا شکرگزار ہوں، جنہوں نے ہمارے پیش کردہ بِل پر دستخط کر کے اسے قانون کا حصہ بنایا۔"

**رکن اسمبلی Nily Rozic کا کہنا تھا کہ،** "مشکل حالات میں، صارفین دھوکے کا شکار ہونے اور گمراہ ہونے کے زیادہ خطرے سے دوچار ہوتے ہیں۔ مذکورہ نیا قانون اس امر کو یقینی بنائے گا کہ نیو یارک کے باشندگان سے اس وقت ناجائز فائدہ حاصل کرنے والوں کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی، کہ جب وہ انتہائی زدپذیری کی حالت میں ہوں۔ گورنر Hochul کا شکریہ، جنہوں نے اس اہم قانونی مسودے پر دستخط کر کے اسے قانون کی شکل دی۔"

**نیو یارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "نیو یارک کے باشندوں کو دھوکہ دہی اور بددیانت لوگوں سے، خاص طور پر ہنگامی حالات کے دوران تحفظ فراہم کرنا، خصوصاً اس وقت جب رہائشی انتہائی زدپذیری کے شکار ہوں، ہمارے ڈویژن برائے صارفی تحفظ اور ریاست نیو یارک کی اوّلین ترجیح ہے۔ میں گورنر Hochul کی جانب سے ان اہم بِلز پر دستخط کر کے انہیں قانون کی شکل دینے اور نیو یارک کے صارفین کے حوالے سے ان کے مسلسل عزم پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418